© rasailojaraid.com



ادارہ

# افکار و تاثرات

## ● حلال آگہی و تحقیقاتی کونسل.......... پروفیسر احمد خان، کراچی

الحمدللہ اللہ کے فضل و کرم سے حلال آگہی و تحقیقاتی کونسل کی جانب سے ۲۹ ستمبر ۲۰۱۳ء کو رنگون والا ہال کراچی میں حلال آگہی و تحقیقاتی کونسل (HARC) کے زیر اہتمام علماء کرام کی زیر سرپرستی، تاجروں، صنعتکاروں اور سائنسدانوں کے لئے ''دورِ حاضر میں حلال آگہی سے متعلق درپیش مسائل اور ہماری شرعی ذمہ داریاں'' کے عنوان سے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس مجلس مذاکرہ میں تقریباً ۲۰۰ تا ۳۰۰ چنیدہ مرد و خواتین (خواتین کیلئے پردے کا انتظام تھا) جس میں مفتیان و علماء کرام، شعبہ تخصص و افتاء کے طلباء کراچی یونیورسٹی کے اساتذہ و طلباء، تاجر برادری، صارفین، صنعتکار، برآمد کنندگان، درآمد کنندگان، شریک ہوئے۔ اس سیمینار میں جو طرز اختیار کیا گیا وہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے منفرد تھا۔ مکمل سیمینار مختلف موضوعات پر باہمی مذاکرے کیلئے چار نشستوں (Sessions) پر مشتمل تھا۔ ہر نشست دس یا بارہ افراد پر مشتمل تھی۔ ان نشستوں میں مفتیان کرام، صنعتکار، سائنسدان، برآمد کنندگان، درآمد کنندگان، سرٹیفیکیشن باڈیز کے ذمہ داران اور حکومت کے متعلقہ اداروں کے ذمہ دار شامل رہے۔ تمام نشستوں کے کچھ موضوعات اور سفارشات حسب ذیل ہیں:

☆ سرٹیفیکیشن باڈیز کا آپس میں رابطہ، معلومات کا تبادلہ اور تعاون ہونا چاہیے۔ ☆ درآمد کے دوران سختی سے پاکستان حلال اسٹینڈرڈ کو اپنایا جائے۔ ☆ وہ تمام کمپنیاں جو غذا، دوا، یا ان کے اجزاء کے کاروبار سے منسلک ہیں انہیں مستقل علماء کرام کی نگرانی میں کام کرنا چاہیے۔ ☆ مصنوعات پر اجزائے ترکیبی کے معروف نام تحریر کئے جائیں صرف سائنسی ناموں سے گریز کیا جائے، تاکہ صارفین کو خریدنے میں دشواری نہ ہو۔ ☆ حلال کی ضرورت کو سامنے رکھ کر عصری نصاب کے از سر نو جائزہ کے لئے کمیٹی تشکیل دی جانی چاہیے جو اسکول، کالج، یونیورسٹی کے نصاب میں ان مضامین کو شامل کرنے کی ہدایات مرتب کرے۔ پہلی جماعت سے ہی ان مضامین کو شامل کیا جائے۔ ☆ پاکستان حلال اسٹینڈرڈ کو مقامی زبانوں اور قومی زبان میں ترجمہ کر کے شائع کر دیا جائے تاکہ عام لوگ اور خصوصاً مفتیان کرام استفادہ کر سکیں اور دارالافتاؤں سے اس کی توثیق آسان ہو اور علماء کرام کے طبقے میں مقبولیت آسان ہو۔ ☆ HARC اور حلال فاؤنڈیشن باہمی تعاون سے اب تک مرتب کردہ نصاب کو یونیورسٹی کے نصاب میں شامل کروانے کی کوشش کریں۔ ☆ PSQCA کو چاہیے کہ وہ پاکستان حلال اسٹینڈرڈ کی اشاعتِ عام کرے اور بین الاقوامی طور پر اس کی قبولیت اور مقبولیت کے ذرائع اختیار کرے ☆ بحیثیت مسلم

© rasailojaraid.com